17/12/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

بل

مشن گرامین بل Ajeevika سرکار نے کل لوک سبھا میں وکست بھارت-روزگار کی گارنٹی اور 2025 کو پیش کیا ہے۔ یہ بل، 2005 کے 22 سالہ پرانا مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی قانون منریگا کی جگہ لے گا۔ اِس بل میں 2047 تک وکست بھارت کے قومی نظریہ سے مطابقت

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر 13 انفینٹری کے حوالدار زبیر احمد کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے ۔ زبیر احمد 15 دسمبر کو کپواڑہ ضلع کے ترہگام علاقے میں سڑک کی تعمیر کے دوران ایک دھماکے میں زخمی ہونے کے بعد چل بسے ۔ منوج سنہا نے کہا کہ قوم ان کی بے لوث خدمات اور قربانی کے لئے مقروض ہے ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جیالوجی اینڈ مائننگ محکمہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ مائننگ سیکٹر ا□لاحا ت، مالی کارگزاری اور انفورسمنٹ سے متعلق میکا ننرم کا جائزہ لیتے ہوئے اٹل ڈلو نے منرل بلاکس کی بولی، مانیٹرنگ میکانزم میں شفافیت کی ایک موثر مائننگ BISAG-N اور پائیدا ریت پر زور دیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقعہ پر نظام قائم کرنے کے لئے تعریف کی - Surviellence

ایڈوائزری

محکمہ ڈرگس اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن جموں کشمیر نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ انڈوں میں پائے جانے والے مضر حت اجزا کی بلا تدیق خبروں کو لے کر پریشان نہ ہوں کیونکہ اِن رپورٹوں کی کوئی سرکاری اعتباریت نہیں ہے ۔ لوگوں کے خدشات دور کرنے کی غرض سے فوڈ سیفٹی آرگنائزیشن کے اسسٹنٹ کمشنر کشمیر ہلال احمد میر نے انڈوں کا بے جھجک استعمال کرنے کی لاح دیتے ہوئے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا کہ محکمے نے انڈوں کی جانچ کے لئے کئی نمونے لیبارٹری میں بھیجے ہیں جن کی رپورٹ آنا ابھی باقی ہے ۔

مہاا

تسو±

محکمہ ہینڈی کرافٹس و ہینڈ لوم نے جی آئی رجسٹرڈ دستکاریوں کو تقویت دینے کے لئے نمائش گاہ سرینگر سے 6 کاریگرونپر مشتمل ایک گروپ کو جی آئی
مہاا

تسو میں شرکت کے لئے روانہ کیا۔ یہ ±
مہاا

ہاٹ نئی دلی میں منعقد ہوگا۔محکمہ کے ایک ترجمان Noida تسو 18 دسمبر سے 21 دسمبر تک± نے ایک بیان میں کہا کہ یہ کاریگر ، نمدہ،ووڈ کاروِنگ ، کریول، چین سٹچ اور کشمیری ٹوئیڈ کی MSME جیسی جی آئی رجسٹرڈ دستکاریوں میں کشمیر کی نمائندگی کریں گے۔ یہ تجارتی میلہ چیمبر آف کامرس اینڈ اِنڈسٹری کے اِشتراک سے منعقد کیا جا رہا PhD وزارت کی طرف سے ہے۔

ونٹر جنگل

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

دسمبر سے 25 دسمبر تک گڈ گورننس ویک کے ایک ح□ے کے طور پر منعقد ہونے والی 19
آئندہ ”پرشاسن
گاو

ں کی اور“ مہم کی تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیرپا نے ئ
ایک میٹنگ کی □دارت کی۔میٹنگ کے دوران ڈی سی نے ایک تف□یلی ایکشن پلان کا خاکہ پیش
کیا جس کا مق□د شکایات کے
مو

ثر ازالے اور نچلی سطح□ پر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ئ

ڈائریکٹر ایگریکلچر

ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے کل ایک میٹنگ کے دوران ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام سمیت دیگر تمام سکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے زمینی سطح□ پر سکیموں کے فوائد لوگوں تک پہنچانے کے لئے محکمہ ، کسان اور مالیاتی اداروں کے آپسی تال میل پر زور دیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ